TALEEM

Transformation in Access, Learning, Equity and Education Management.

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب، کی جانب سے پہلی مرتبہ گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لرننگ کیمپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ان کیمپس کا مقصد 5 سے 9 سال کی عمر کے کلاس اول سے کلاس سوئم تک کے بچوں میں اردو، انگریزی اور ریاضی کے مضامین کے بنیادی تصورات سے روشنائی پیدا کرنا اور مشق سے ان کی استعداد کار کو بڑھانا ہے۔ پہلے مرحلے میں میانوالی، مظفر گڑھ، ڈی جی خان، رحیم یار خان اور بہاولپور کے منتخب اسکولوں میں لرننگ کیمپس کا انعقاد کیا جائے گا۔ جون تا اگست 2023 کے دوران پیر سے جمعہ صبح 7:00 سے 9:30 تک لرننگ کیمپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ان لرننگ کیمپس سے 5 سے 9 سال کے وہ بچے مستفید ہوں گے جو کسی وجہ سے سکول چھوڑ چکے ہیں یا وہ بچے جو کسی وجہ سے پڑھائی میں پیچھے رہ گئے ہیں یا ان کا اسکول چھوڑنے کا خدشہ موجود ہے۔ اس سلسلے میں آگاہی مہم کے لیے اسکول کونسلز، AEOs، ہیڈ ٹیچرز، DEOs اور CEOs تعلیم کی اہمیت کے بارے میں شعور فراہم کریں گے۔

اس دستاویز میں لرننگ کیمپس کے حوالے سے عوامی رابطہ مہم اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو اسکول میں واپس لانے کے لیے ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

اسکول کونسل کا کردار

- چار (4) کارنر میٹنگز کا انعقاد یقینی بنایا جائے گا جن میں سے دو (2) کمیونٹی میٹنگز دی گئی ٹائم لائن میں منعقد کروائی جائیں گی (14 مئی تا 14 جون)۔
- کمیونٹی میں لرننگ کیمپس سے متعلق آگاہی پیدا کرنا اور کمیونٹی میں موجود اسکول سے باہر بچوں (Out of School Children) کو ان کیمپس کا حصہ بننے کے لیے حوصلہ افزائی کرنا۔
- کمیونٹی سیشنز کی تصاویر لینا۔
- لرننگ کیمپس میں داخلے کے لیے ڈور ٹو ڈور (Door to Door) آگاہی مہم کرنا۔

TALEEM

Transformation in Access, Learning, Equity and Education Management.

AEO's کا کردار

- اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر کی جانب سے چار(4) کارنر میٹنگز کا انعقاد یقینی بنایا جائے گا جن میں سے دو(2) کمیونٹی میٹنگز دی گئی ٹائم لائن میں منعقد کروائی جائیں گی (14 مئی تا14 جون)۔
- اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ کارنر میٹنگز کا شیڈول تشکیل دیا جائے۔
- کارنر میٹنگز کی تصاویر کو بطور ثبوت یقینی بنایا جائے۔
- اپنے مرکز میں کم از کم تین(3) کارنر میٹنگز کی سپاٹ چیکنگ کی جائے اور اسکول کونسل کی افادیت یقینی بنائی جائے۔
- متعلقہ CEO کی جانب سے دیے گئے اہداف کا حصول یقینی بنانا۔

ہیڈ ٹیچرز کا کردار

- کارنر میٹنگز کے شیڈول کی تشکیل اور اس کی اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر کو فراہمی یقینی بنانا۔
- اس بات کو یقینی بنانا کہ سکول کونسل کے ممبران شیڈول کے مطابق سیشنز کا انعقاد کر رہے ہیں۔
- میٹنگز سے تصاویر کے ثبوت اکٹھے کرنا اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کو مہیا کرنا۔
- ہر مہینے کم از کم 2 کارنر میٹنگز کا انعقاد یقینی بنانا۔
- لرننگ کیمپس میں زیادہ سے زیادہ داخلے یقینی بنانے کے لیے معززین علاقہ اور امام مسجد سے تعاون حاصل کرنا۔
- اسکول کونسل کی جانب سے منعقد کردہ تمام میٹنگز میں شرکت کرنا اور ان کا ریکارڈ مرتب کرنا

TALEEM

Transformation in Access, Learning, Equity and Education Management.

DEOs کا کردار

- DEOs بطور فوکل پرسن لرننگ کیمپس کی سماجی رابطہ مہم کی نگرانی کریں گے۔
- اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ جن آؤٹ آف اسکول بچوں کی نشاندہی ہو چکی ہے وہ لرننگ کیمپس میں داخل ہوں۔
- لرننگ کیمپس کے لیے سماجی رابطہ مہم کی میٹنگز میں ذاتی طور پر شرکت۔
- اسکول کونسلز کو لرننگ کیمپس کی کامیابی کے لیے بھرپور متحرک رکھنا۔
- ہر ہفتے میٹنگز اور سماجی رابطہ مہم کی تصاویر اور دستاویزات کو وٹس ایپ کے ذریعے اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ/PMIU کو فراہم کرنا۔
- کمیونٹی سیشنز کی تصاویر لینا اور میٹنگز کا ریکارڈ مرتب کرنا۔
- لرننگ کیمپس میں داخلے کے لیے ڈور ٹو ڈور (Door to Door) مہم کی نگرانی اور اس میں شریک ہونا۔
- متعلقہ CEO کی جانب سے دیے گئے اہداف کو مکمل کرنا۔

CEOs کا کردار

- لرننگ کیمپس میں آؤٹ آف اسکول بچوں کو داخلہ یقینی بنانا۔
- کمیونٹی سیشنز کی نگرانی کرنا۔
- کچھ کمیونٹی سیشنز میں ذاتی طور پر شرکت کرنا۔
- کمیونٹی سیشنز، ڈور ٹو ڈور (Door to Door) مہم کی تفصیلات اور اس کے نتائج مرتب کرنا۔
- اسکول کونسل کو مکمل طور پر متحرک رکھنا اور لرننگ کیمپس سے متعلق آگاہی پیدا کرنا۔
- ہر ہفتے میٹنگز اور سماجی رابطہ مہم کی تصاویر اور دستاویزات کو وٹس ایپ کے ذریعے اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ/PMIU کو فراہم کرنا۔
- ضلع اور تحصیل کی سطح پر پروگرامز میں خود شرکت کرنا۔